اورکزئی ایجنسی میں پاک فوج کے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں 26 اہلکاروں کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

کسی ایک واقعہ میں فوج کے 26 اہلکاروں کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔3 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اورکزئی ایجنسی میں پاک فوج کے کارگو ہیلی کاپٹر کے حادثے میں فوج کے 26 اہلکاروں کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کسی ایک واقعہ میں فوج کے 26 اہلکاروں کی شہادت ایک بڑا سانحہ ہے جس پر جتنا افسوس کیا جائے کم ہے۔جناب الطاف حسین نے حادثے میں شہید ہونے والے افسران واہلکاروں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید اہلکاروں کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

پنجاب کے ضلع قصور کے گاؤں باہمانی والا میں عیسائی برادری کے گھروں پر مذہبی انتہا پسند عناصر کا حملہ اور املاک کی لوٹ مار کا واقعہ قابل مذمت ہے۔رابطہ کمیٹی

باہمانی والا میں کئی مسلح افراد نے مسیحی برادری کے مکانات پر حملے کئے،مسیحی بزرگوں خواتین اور بچوں کو تشدد کا نشانہ بنایا اور قیمتی سامان اور املاک کی لوٹ مار کی،واقعہ ایک انتہا پسند مذہبی رہنما کی اشتعال انگیز تقریر کے بعد پیش آیا

واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے،عیسائی برادری کے گھروں پر حملے،لوٹ مار اور تشدد کے واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے اور عیسائی برادی کی جان ومال کو تحفظ فراہم کیا جائے

کراچی۔۔۔4 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی مرکزی رابطہ کمیٹی نے پنجاب کے ضلع قصور کے گاؤں باہمانی والا میں عیسائی برادری کے گھروں پر مذہبی انتہا پسند عناصر کے حملے اور املاک کی لوٹ مار کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے ۔ایک بیان میں مرکزی رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ضلع قصور کے علاقے باہمانی والا میں کئی مسلح افراد نے مسیحی برادری کے مکانات پر حملے کئے ،مسیحی بزرگوں خواتین اور بچوں کو تشدد کا نشانہ بنایا اور گھروں میں موجود زیورات ،دیگر قیمتی سامان اور املاک کی لوٹ مار کی ۔اطلاعات کے مطابق باہمانی والا میں یہ افسوسناک واقعہ ایک انتہا پسند مذہبی رہنما کی اشتعال انگیز تقریر کے بعد پیش آیا۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ واقعہ انتہائی قابل مذمت ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قصور میں پیش آنے والے اس واقعہ کا فوری نوٹس لیا جائے ،عیسائی برادری کے گھروں پر حملے،لوٹ مار اور تشدد کے واقعہ کی ایف آئی آر درج کی جائے اور واقعہ میں ملوث افراد کو گرفتار کیا جائے اور عیسائی برادی کی جان ومال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن،نیوکراچی،سیکٹرز،پرانا گولیمار یونٹ کے کارکنان اور گلشن قبال ٹاؤن کے حق پرست یوسی کونسلر سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔4،جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سعید کی والدہ محترمہ سکینہ بی بی،ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ A-140 کے کارکن احمد علی کی والدہ محترمہ رابعہ بیگم،ایم کیوایم پرانا گولیمار یونٹ کے کارکن نبی بخش بلوچ کے بھائی محمد بلوچ اور گلشن اقبال ٹاؤن یوسی 2 کے کونسلر محمد ابراہیم کی والدہ محترمہ امینہ بائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال میں اتوار 5 جولائی کو ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ایک روزہ مہم کے دوران ہر عمر کے افراد کو مفت ویکسین لگائی جائے گی

عوام،خدمت خلق فاؤنڈیشن کی مہم سے بھرپور استفادہ کریں،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔4،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام 5 جولائی بروز اتوار کوایک روزہ انسداد ہیپاٹائٹس مہم کا انعقاد کیا جائے گا جس میں ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسینیشن ہر عمر کے بچوں،نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین کو مفت لگائی جائے گی۔اس سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں واقع نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال میں ہیپاٹائٹس بی کی ویکسینیشن لگانے کیلئے انتظامات کئے گئے ہیں جس کے دوران صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک ڈاکٹرز وپیرامیڈیکل اسٹاف پر مشتمل ٹیم مریضوں کا مکمل چیک اپ کریگی اور انہیں موذی بیماری سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر اور مشورے بھی فراہم کریگی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام انسداد ہیپاٹائٹس کی ایک روزہ مہم سے بھرپور استفادہ کریں اور زیادہ سے زیادہ تعداد میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال پہنچ کر ہیپاٹائٹس بی سے بچاؤ کی ویکسین لگوائیں۔

☆☆☆☆☆